بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبت

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

فضلِ رب بے گماں حضرتِ عائشہؓ　　ہیں سعادت نشاں حضرتِ عائشہؓ
رونق و شانِ کاشانۂ مصطفیٰ ؐ　　مومنوں کی ہیں ماں حضرتِ عائشہؓ
ضو ہیں ایمان کی، قاری قرآن کی　　خوش سخن، خوش بیاں حضرتِ عائشہؓ
حُبِ سرکارؐ سے، حُبِ سرکارؐ تک　　آپؓ کی داستاں حضرتِ عائشہؓ
پاک لہجہ ہے جنّت کی خوشبو لئے　　گفتگو گل فشاں حضرتِ عائشہؓ
حق کی تصدیق ہیں، جانِ صدّیقؓ ہیں　　خوش نسب، شادماں حضرتِ عائشہؓ
سورۂ نور ان کی گواہی بنی　　سُرخرو، کامراں حضرتِ عائشہؓ
مصطفیٰؐ وجہِ تسکیں ہیں سب کے لئے　　انؓ کا آرامِ جاں حضرتِ عائشہؓ
عفو و مہر و محبّت کی تصویر ہیں　　سب پہ رحمت کناں حضرتِ عائشہؓ
انؓ کا دل ہے خزینہ احادیث کا　　علم و حکمت کی جاں حضرتِ عائشہؓ
آلِؓ خیر الورا کی وہ غم خوار ہیں　　خیر جُو، مہرباں حضرتِ عائشہؓ
اخذِ فیض آپ سے خود صحابہؓ کریں　　علم کی پاسباں حضرتِ عائشہؓ
کم نصیبوں، غریبوں کی حاجت روا　　بے اماں کی اماں حضرتِ عائشہؓ
شاہدِ وحیٔ خالق ہے ذات آپؓ کی　　حق کی ہیں ترجماں حضرتِ عائشہؓ
آپؓ کی برکتوں سے تیمم ملا　　پائیں آسانیاں حضرتِ عائشہؓ
عابدہ بھی، مدبّر بھی، ہمدرد بھی　　خُلق کا اک جہاں حضرتِ عائشہؓ

کشتیٔ اہلِ ایماں کی دم ساز ہیں
صورتِ بادباں حضرتِ عائشہؓ

سیّد حامدؔ یزدانی
ٹورانٹو
شعبان المعظم ۱۴۳۷ھ